مجموعہ رسائل

حصّہ اوّل

حضرت مولانا شاہ رفیع الدّین محدّث دہلویؒ

بترتیب و تصحیح

حضرت مولانا صوفی عبدالحمید خان سواتی مدّظلہ
بانی مدرسہ نصرت العلوم گوجرانوالہ

ناشر

ادارہ نشرواشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ پاکستان

مجموعہ رسائل

حصہ اوّل

حضرت مولانا شاہ رفیع الدین محدث دہلویؒ

بترتیب و تصحیح

حضرت مولانا صوفی عبد الحمید خان سواتی مدظلہ

بانی مدرسہ نصرت العلوم گوجرانوالہ

ناشر

ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ پاکستان

نام کتاب	مجموعہ رسائل شاہ رفیع الدینؒ (حصہ اوّل)
تالیف	حضرت شاہ رفیع الدین محدث دہلویؒ
مرتب	مولانا صوفی عبدالحمید خان سواتی مدظلہٗ
تاریخ طباعت اوّل	شعبان ۱۳۸۱ھ مطابق جنوری ۱۹۶۲ء
" دوم	شعبان ۱۴۱۳ھ مطابق فروری ۱۹۹۳ء
مطبع	فائن بکس پرنٹرز لاہور
ناشر	ادارہ نشرواشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ
قیمت	/- روپے۔

ملنے کے پتے

۱۔ ادارہ نشرواشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

۲۔ مکتبہ دروس القرآن فاروق گنج گوجرانوالہ

مجموعہ رسائل

(از حضرت مولانا شاہ رفیع الدین محدث دہلویؒ)

☆

بترتیب و تصحیح

عبدالحمید سواتی غفرلہٗ

خادم مدرسہ نصرت العلوم نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

فہرست مجموعہ رسائل حصہ دوم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ابتدائیہ

از احقر عبدالحمید سواتی

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی خاتم الانبیاء والمرسلین وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین

امابعد!

اس جلد کے رسائل مجموعی طور پر تعداد کے لحاظ سے انیس ہیں ان میں سے چار رسائل مطبوعہ تھے لیکن ان کا دستیاب ہونا تقریباً ناممکن تھا اس لیے کہ ایک صد چالیس سال کے لگ بھگ ان کا زمانہ طباعت ہے باقی پندرہ رسائل سب مخطوطات تھے جن کے حاصل کرنے میں کافی دقت ہوئی۔ احقر کے کہنے پر بعض احباب نے ان رسائل کی تحصیل کے لیے چار دفعہ انڈیا کا سفر کیا اللہ تعالے کے فضل سے اتنے رسائل دستیاب ہوگئے شاہ رفیع الدینؒ کے بعض رسائل ان کے علاوہ اور بھی ہیں جو تاحال دستیاب نہیں ہو سکے لَعَلَّ اللّٰہُ یُحۡدِثُ بَعۡدَ ذٰلِکَ اَمۡرًا مجموعہ رسائل جلد اوّل کی طباعت کے وقت احقر کی یہ آرزو تھی کہ شاہ رفیع الدینؒ کی اکثر کتب و رسائل بجز قرآن کریم کا ترجمہ اور قیامت نامہ کے کہ یہ برصغیر میں ہر جگہ دستیاب ہیں

باقی کتب و رسائل اگر دستیاب ہو جائیں ان کی طباعت کی سعادت بھی ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم کو حاصل ہو جائے۔ جتنے رسائل اب تک طبع ہوئے ہیں احقر کی تصحیح و مقدمات کے ساتھ طبع ہوئے ہیں اور مجموعہ رسائل جلد اول پر کچھ مفید حواشی بھی آ گئے ہیں۔ لیکن افسوس کہ اس مجموعہ رسائل جلد دوم کی تصحیح وغیرہ احقر سے بوجہ بیماری اور ضعف بصارت نہ ہو سکی اس کا مقدمہ اور تصحیح کا کام عزیزم محمد فیاض کے ذمہ تھا اس نے اپنی ہمت و طاقت کے مطابق اُس کو انجام دیا اللہ تعالےٰ اس کو قابل افادہ و استفادہ بنا دے یہ احقر کے پاس امانت تھی اور آرزو تھی کہ یہ بھی طبع ہو کر سامنے آ جائے یہ رسائل اپنی افادیت کے اعتبار سے اہم ہیں انہیں اختصار کے باوجود بعض ایسے دقیق علمی اور فنی مسائل ہیں جن کی قدر و قیمت سے خاص اہل علم ہی مطلع ہو سکتے ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ شاہ رفیع الدینؒ کے اکثر رسائل اشاعت پذیر ہو گئے ہیں مخطوطات کی شکل میں ان کا گوشۂ گمنامی میں پڑا رہنا یقیناً ایک حادثہ تھا اللہ تعالےٰ نے خاص فضل و کرم فرمایا تو ان کی اشاعت کا سامان ہوا۔ ان کے علاوہ شاہ رفیع الدینؒ کا ایک مخطوطہ اور بھی ہمیں دستیاب ہوا ہے اور وہ علم منطق میں رسالہ قطبیہ کی شرح میر زاہد رسالہ قطبیہ ہے سنا ہے کہ یہ حاشیہ کہیں طبع بھی ہوا تھا لیکن احقر کو تلاش بسیار کے بعد بھی مطبوعہ نسخہ دستیاب نہ ہو سکا البتہ مخطوطہ کی دو مختلف نقول احقر کو کتب خانہ دارالعلوم دیوبند سے ملی ہیں دونوں مخطوطوں کا رسم الخط قدرے مختلف ہے اور صفحات بھی کم و بیش ہیں ان میں ایک مسیح الدولہ کے کتب خانہ

کی ہے خدا کرے کہ اس کی بھی اشاعت ہو جائے اگرچہ منطق کی طرف آج کل لوگوں کا رجحان تقریبًا بہت کم ہو گیا ہے لیکن بعض اوقات اس کی بھی ضرورت پڑتی ہے علم و فن کے کسی بھی شعبہ سے تغافل زندہ اقوام کا شعار نہیں۔ یہ مردہ قوموں کا شیوہ ہے منطق کا فن تو اب بھی درس نظامیہ میں شامل نصاب ہے جو اس کی افادیت پر موقوف ہے دعا ہے کہ اللہ تعالےٰ اس جلد دوم کو بھی جلد اول کی طرح قابلِ افادہ بنا دے وَمَا ذٰلِکَ عَلَی اللّٰہِ بِعَزِیْزٍ۔

رسالہ آیات و قرأت کے ساتھ ایک رسالہ القول المقرر بھی ہے یہ شاہ رفیع الدینؒ کا نہیں بلکہ ان کے متعلقین میں سے میر حسن علی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اس میں بہت اہم معلومات ہیں تجوید و قرأت کے بارہ میں اور قراء کرام کے بارہ میں مذکور ہیں۔ لیکن اس میں جہاں جہاں موالید اور وفیات کی تاریخیں درج ہیں وہ اکثر صحیح نہیں ان کے ماخذ کی طرف مراجعت کی ضرورت ہے۔ احقر نے عقد انامل کے رسالہ کے ساتھ ایک مختصر ضمیمہ بھی لگا دیا ہے اس میں عقد انامل کے بارہ میں فقیہہ ابن عابدین کی عبارت بھی نقل کر دی ہے تاکہ مزید وضاحت ہو جائے۔ نیز تشہد میں اشارہ کے بارہ میں تھوڑی سی وضاحت بھی کر دی گئی ہے اس مجموعہ میں بعض عقائد اور ایمان کے بارہ میں تحقیق۔ بعض اہم باتوں کی وضاحت کے علاوہ یہ تاریخی اور اصلاحی امور پر مشتمل ہیں۔

اصطرلاب اور حواشی شرح چغمینی قدیم ریاضی سے تعلق رکھتے

ہیں اور بعض علم منطق کے بعض اہم مسائل کی وضاحت پر مشتمل ہیں علم فرائض کا پیچیدہ مسئلہ مناسخہ پر مشتمل مختصر ترین رسالہ بھی ہے یہ رسائل فارسی اور عربی دونوں زبانوں میں ہیں واللہ اعلم

از

احقر عبدالحمید سواتی

۲۷ ربیع الاول ۱۴۱۴ھ

بمطابق ۱۵ استمبر ۱۹۹۳ء

مقدّمہ

از۔ احقر محمد فیاض خان سواتی مہتمم مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علی خاتم الانبیاءٔ والمرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین اما بعد:

حضرت مولانا شاہ رفیع الدین محدث دہلویؒ امام ولی اللہ محدث دہلویؒ کے دوسرے فرزند ہیں آپ کی ولادت ۱۱۶۳ھ میں دہلی کے اندر ہوئی آپ کا سلسلہ نسب اکتیس واسطوں سے حضرت عمرؓ تک پہنچتا ہے خدا تعالےٰ نے آپ کو انتہائی مدبّرانہ صلاحیت سے نوازا تھا اپنے والد امام ولی اللہ دہلویؒ ۱۱۷۶ھ اور بڑے بھائی شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ المتوفی ۱۲۳۹ھ سے تعلیم وتربیت حاصل کی اور بیس سال کی عمر میں جملہ علوم عقلیہ ونقلیہ اور ادبیہ سے فراغت حاصل کی آپ کو عقلیات اور ریاضی کے علوم میں خاص درک حاصل تھا قرآن کریم تفسیر حدیث کی تشریح اور فقہہ اسلامی پر کمال عبور رکھتے تھے اور علماء راسخین میں تھے عربی کا شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ فتاوی نویسی بھی بوقت ضرورت تحریر فرماتے تھے آپ تلامذہ کو قرآن اور حدیث کے ساتھ ساتھ تصوف وسلوک کی تعلیم وتلقین بھی فرماتے تھے شیخ محمد عاشق

پھلتیؒ سے آپ نے اخذ طریقت کیا بعض مسائل میں آپ کی تحقیقات نہایت علمی و تحقیقی اور بصیرت افروز ہیں آپ کا خصوصی کمال یہ تھا کہ بڑے بڑے مشکل مسائل کا حل انتہائی مختصر الفاظ میں بیان فرما دیتے تھے مزاج میں سخاوت اور خدمت کا جذبہ غالب تھا آپ کی اولاد چار بیٹے اور ایک بیٹی ہے۔ اعلائے کلمۃ الحق کے لیے آپ نے مغل حکومت میں نہایت مصائب و تکالیف کا سامنا بھی کیا لیکن صبر و ہمت سے استقلال کے دامن کو ہاتھ سے نہیں چھوڑا جلاوطنی کے مصائب نہایت جوانمردی سے برداشت کئے آپ اور آپ کا پورا خاندان مسلکاً حنفی تھا۔

شاہ صاحبؒ نے درس و تدریس کے ساتھ ساتھ بڑی بڑی علمی و تحقیقی کتب بھی تصنیف فرمائی ہیں۔ شاہ صاحبؒ کی جتنی کتابیں دستیاب ہوسکی ہیں ان میں سے اکثر و بیشتر کتب کو ادارہ نشرو اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم نے والدِ محترم حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی خان صاحب مدظلہ فاضل دارالعلوم دیوبند و فاضل دارالمبلغین لکھنو و فاضل نظامیہ طبیہ کالج حیدر آباد دکن بانی مدرسہ نصرۃ العلوم و جامع مسجد نور گوجرانوالہ کے مقدمات اور حواشی کے ساتھ شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے اور یہ پورے برصغیر میں صرف ادارہ نشرو اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کو ہی خصوصیت حاصل ہے کہ شاہ صاحبؒ کی اکثر و بیشتر کتب یہیں سے طبع ہوئی ہیں ان میں سے اکثر کتابیں مخطوطات میں سے تھیں اگر اس طرف توجہ نہ کی جاتی تو شاید یہ کتابیں شائع نہ ہو سکتیں اور ضائع ہو جاتیں اور علماء بہت بڑے علمی ذخیرہ سے محروم ہو جاتے۔ شاہ صاحبؒ کی تصانیف کا اجمالی تعارف حسب ذیل ہے۔

مجموعہ رسائل (حصہ دوم)

زیر نظر کتاب مجموعہ رسائل حصہ دوم ہے اس مجموعہ میں حضرت مولانا شاہ رفیع الدین محدث دہلویؒ کے انیس[۱۹] علمی و تحقیقی رسائل کو جمع کیا گیا ہے جن میں پندرہ[۱۵] رسائل مخطوطات ہیں جو ابھی تک شائع نہیں ہو سکے تھے یہ ہمیں دارالعلوم دیو بند کے کتب خانہ سے دستیاب ہوئے ہیں ان کو اہل علم کے استفادہ کی خاطر شائع کیا گیا ہے اس مجموعہ میں چار[۴] رسائل ایسے بھی ہیں جو مطبوعات میں سے ہیں وہ بھی چونکہ نایاب تھے اس لیے انہیں بھی اس مجموعہ میں منسلک کر دیا گیا ہے تو اس لحاظ سے یہ کل انیس[۱۹] رسائل ہوتے جن کا مختصر تعارف حسب ذیل ہے۔

۱: شرح رسالہ عقد انامل (عربی)
(بمع ضمیمہ اردو)

حضرت مولانا شاہ رفیع الدینؒ کا رسالہ عقد انامل جو چند سطور پر مشتمل ہے اس کا مطبوعہ نسخہ بمع شرح رسالہ عقد انامل جس کا ترجمہ اور شرح ولی اللہی سلسلہ کے ایک صاحب مولانا عبدالرحمٰن شاکرؒ نے لکھا ہے یہ رسالہ ہمیں دستیاب ہوا اور اس کو بمع شرح کے ہی ہم نے مجموعہ رسائل حصہ دوم میں شامل کر لیا ہے جس کے صرف چار صفحات ہیں اس کی طباعت دیگر چار رسائل کے ساتھ مطبع نظامی کانپور میں ۱۲۷۳ھ میں مولوی عبد الرحمٰن [illegible] اور ان کے والد روشن خانؒ نے اپنے اہتمام سے کرائی تھی اس وقت کی اردو زبان جس طرح چل رہی تھی اسی میں یہ ترجمہ کیا ہے اور اسکی وضاحت بھی ساتھ کر دی ہے۔

(نوٹ) اس رسالہ کے ساتھ ایک ضمیمہ بھی منسلک کیا گیا ہے

جو کہ والد محترم حضرت مولانا صوفی عبدالحمید خان صاحب سواتی مدظلہ نے تحریر فرمایا ہے یہ ضمیمہ اردو زبان میں ہے۔

۲۔ تحقیق الالوان (فارسی)

اسی طرح شاہ رفیع الدینؒ کا دوسرا رسالہ تحقیق الالوان مع شرح تحفۃ الاخوان ہے یہ ترجمہ اور شرح بھی انہیں مولانا عبدالرحمٰن بن روشنؒ کا ہے اصل رسالہ فارسی میں ہے بڑے سائز کے ایک صفحہ میں ہے جب کہ اس کی شرح بڑے سائز کے ۵۸ صفحات پر پھیلی ہوئی ہے اور اس کو بھی انہوں نے ۱۲۸۲ھ میں طبع کرایا تھا۔ ہم نے صرف فارسی متن ہی طبع کرایا ہے شرح غیر ضروری طوالت کی بناء پر ترک کردی ہے اس رسالہ کا نسخہ ہمیں مولانا ڈاکٹر عبدالحلیم چشتی صاحب (فاضل دیوبند) کے کتب خانہ سے دستیاب ہوا اور انہوں نے ہی اس کی فوٹو کاپی کرانے کی اجازت دی۔ یہ رسالہ بڑا اہم ہے شاہ رفیع الدینؒ نے جو رنگ شریعت میں استعمال کرنے ناجائز ہیں جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے ان کو نہایت اختصار کے ساتھ بیان کیا ہے۔

۳۔ رسالہ سید کبیر احمد کی گائے اور شیخ سدو کا بکرا (فارسی)

(نذر لغیر اللہ کی وضاحت)

اسی طرح یہ رسالہ بھی مطبوعات میں تھا یہ دراصل شاہ رفیع الدینؒ کا ایک فتویٰ ہے جو دیگر فتاویٰ کے ساتھ اس کو مولوی تراب علیؒ تلمیذ شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ نے اپنی کتاب زبدۃ النصائح فی مسائل الذبائح میں درج کیا ہے اور یہ فتویٰ شاہ رفیع الدین نے ۱۲۲۱ھ میں لکھا تھا زبدۃ النصائح مطبع محمدی

میں ۱۲۶۷ھ میں طبع ہوئی تھی اس کی نقل ہم نے اسی کتاب کی فوٹو کاپی سے لی ہے۔

۴ ترکیب خواندن سورہ یوسف (فارسی)

یہ رسالہ مخطوطہ ہے جو ہمیں دار العلوم دیوبند کے کتب خانہ سے حاصل ہوا ہے یہ پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے اس میں سورۃ یوسف کے پڑھنے کی ترکیب اور اس کے فوائد و خاصیات کا ذکر ہے کہ کشائش رزق اور اپنے کاموں کے لیے اس کی تلاوت کس طریقہ سے کی جائے یہ رسالہ عملیات سے متعلق ہے۔

۵ رسالہ تحقیق شق القمر (فارسی)

یہ رسالہ بھی مخطوطہ ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے اس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزہ شق القمر یعنی چاند کے ٹکڑے ہونے کے ثبوت کے متعلق بحث ہے اور منکرین شق القمر کے اعتراضات کے بڑے حکیمانہ انداز میں جوابات مذکور ہیں غالبًا یہ رسالہ پہلے طبع بھی ہو چکا ہے لیکن ہمیں دستیاب نہیں ہوا۔

۶ رسالہ تحقیق آیات و قرأت (فارسی)

بمع القول المقرر (فارسی)

یہ رسالہ بھی مخطوطہ ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے اس رسالہ [illegible] کریم کی آیات اور قرأت کے متعلق بحث ہے قراء سبعہ اور [illegible] قراءات اور قرآن کریم کے اوقاف کا تذکرہ بھی ہے اور یہ تمام بحث سوال و جواب کی صورت میں ہے۔

اس رسالہ کے ساتھ بطور ضمیمہ "القول المقرر" بھی منسلک ہے جو کہ

میر محمد حسن المعروف حسن علیؒ کی تصنیف ہے یہ بھی مخطوطہ ہے یہ بھی پہلی مرتبہ شائع ہورہا ہے اس میں بھی قراء سبعہ اور ان کے حالات اور تعارف ان کی موالید و وفیات کا بڑے احسن انداز میں ذکر کیا گیا ہے مفید ہونے کی وجہ سے اسے بھی شاہ صاحبؒ کے رسالہ کے ساتھ طبع کرایا گیا ہے

۷ رسالہ تحقیق طلوع وغروب (فارسی)

یہ رسالہ بھی مخطوطہ ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے اس میں سورج کے طلوع و غروب کی تحقیق سوال و جواب کے انداز میں مذکور ہے۔

۸ قاعدہ مناسخہ در علم فرائض (فارسی)

یہ رسالہ بھی مخطوطہ ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے اس رسالہ میں علم فرائض یعنی وراثت کے متعلق بحث کی گئی ہے اور علم فرائض کا ایک مشکل مسئلہ ذکر کیا ہے۔

۹ قاعدہ تحریم النساء (فارسی)

اس رسالہ میں ان عورتوں کا تذکرہ ہے جن کے ساتھ شریعت میں نکاح کرنا حرام ہے اور ان کی اقسام بڑے احسن انداز میں مذکور ہیں یہ بھی مخطوطہ ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے۔

۱۰ رسالہ اصطرلاب (فارسی)

یہ رسالہ بھی مخطوطہ ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے اس رسالہ میں قدیم ریاضی کے متعلق معلومات ہیں یہ رسالہ طول بلد، عرض بلد معلوم کرنے کے لیے مفید ہے۔

۱۱۔ سوالاتِ فارسی

یہ رسالہ بھی مخطوطہ ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے اس رسالہ میں مختلف علمی سوالات کے جوابات مذکور ہیں کچھ سوالات آیات کے بارہ میں ہیں اور کچھ دوسری علمی باتوں کے بارہ میں ہیں۔

۱۲۔ رسالہ حکم الصلوٰۃ والصوم فی ارض التسعین (عربی)

یہ رسالہ مطبوعات میں سے ہے جو پہلے طبع ہو چکے ہیں ہم نے اس رسالہ کی نقل کتاب "لقطۃ العجلان" طبع مطبع نظامی کانپور ۱۲۹۱ھ ص۸۲ تا ص۸۴ سے لی ہے یہ کتاب نواب صدیق حسن خان مرحوم کی تصنیف ہے اس میں شاہ رفیع الدینؒ کا یہ پورا رسالہ انہوں نے نقل کیا ہے اس رسالہ کا اردو ترجمہ پورا کتاب نمازِ مسنون کلاں مصنفہ حضرت مولانا صوفی عبد الحمید خان صاحب سواتی مدظلہ کے ص۱۹۵ تا ص۲۰۰ میں نقل کر دیا گیا ہے اردو خوان حضرات اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

۱۳۔ رسالہ سوالات وجوابات متفرقہ درعربی

یہ رسالہ مخطوطات میں سے ہے۔ اور پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے اس رسالہ میں سوالات و جوابات کی صورت میں ستاروں اور فلکیات کے متعلق بحث کی گئی ہے۔

۱۴۔ رسالہ تحقیق قدم وحدوث عالم وتدوین تاریخ (عربی)

یہ رسالہ بھی مخطوطہ ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے اس رسالہ میں جہان کے [illegible] حادث ہونے کے متعلق۔ ہبوط آدم علیہ السلام کے متعلق اور تاریخ کے

متعلق بحث مذکور ہے۔

۱۵۔ رسالہ تحقیق الایمان (عربی) یہ رسالہ بھی مخطوطات میں سے ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے اس رسالہ میں ایمان کے مختلف معانی پر بحث کی گئی ہے۔

۱۶۔ رسالہ اولاد رسول (عربی) یہ رسالہ بھی مخطوطات میں سے ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے اس رسالہ میں سیر اور تاریخ کے حوالہ سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی اولاد کے متعلق معلومات ذکر کی گئی ہیں۔

۱۷۔ رسالہ اعتقاد نجوم (عربی) یہ رسالہ مخطوطہ ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے اس رسالہ میں ستاروں کے مؤثر اور غیر مؤثر ہونے کے متعلق اعتقاد رکھنے کا ذکر اور اس میں مختلف مذاہب کے متعلق بحث کی گئی ہے۔

۱۸۔ رسالہ شرح مسئلہ منطقیہ تصوریہ (عربی) یہ رسالہ بھی مخطوطہ ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہو رہا ہے اس رسالہ میں علم منطق کی تین اصطلاحات بشرط شیئ" بشرط لا شیئ اور لا بشرط شیئ کی تفصیل اور شرح بڑے احسن پیرائے میں کی گئی ہے اور فن منطق میں ان اصطلاحات کے فائدہ کے متعلق روشنی ڈالی گئی ہے۔

۱۹۔ حواشی شرح چغمینی (عربی) یہ رسالہ بھی مخطوطات میں سے ہے اور پہلی مرتبہ شائع ہو کر منظر عام پر آیا ہے یہ رسالہ ریاضی قدیم پر مشتمل ہے اور شرح چغمینی

جو ریاضی قدیم کی مشہور کتاب ہے اس کے ایک ادق اور مشکل مقام کا حاشیہ اس رسالہ میں مذکور ہے۔

مجموعہ رسائل حصہ اوّل اس مجموعہ میں شاہ صاحبؒ کے دس رسائل جمع ہیں حال ہی میں اس کا دوسرا ایڈیشن ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ نے شائع کیا ہے اس مجموعہ کی تصحیح اور اس پر ایک بسیط مقدمہ والدِ محترم نے تحریر فرمایا ہے اور بیشتر مقامات پر قارئین کی سہولت کے لیے حواشی بھی درج کر دیئے ہیں اس مجموعہ میں مندرجہ ذیل دس رسائل ہیں۔

۱: رسالہ فوائد نماز (فارسی)

۲: رسالہ اذان (فارسی)

۳: رسالہ حملۃ العرش (فارسی)

۴: رسالہ رباعیات (فارسی)

۵: رسالہ بیعت (فارسی)

۶: رسالہ شرح چہل کاف (عربی)

۷: رسالہ شرح برہان العاشقین یا حل معمّہ (فارسی)

۸: رسالہ نذور بزرگان (فارسی)

۹: رسالہ جوابات سوالات اثنا عشر (فارسی)

۱۰: فتاویٰ شاہ رفیع الدینؒ (فارسی)

دفع الباطل (عربی و فارسی) یہ کتاب مسئلہ وحدۃ الوجود اور وحدۃ الشہود کی تحقیق پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب مخطوطہ تھی اور نایاب تھی والدِ محترم نے اسے رضا لائبریری رامپور سے حاصل کر

کے بڑی محنت و مشقت کے ساتھ پانچ سال کے طویل عرصہ میں تصحیح کرکے شائع کرایا ہے اس پر ایک مفصل مقدمہ بھی انہوں نے تحریر فرمایا ہے ادارہ نشرو اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم عنقریب اس کا دوسرا ایڈیشن بمع کتاب کلمات الحق شائع کر رہا ہے۔

تکمیل الاذہان (عربی) شاہ صاحبؒ کی یہ کتاب بھی نایاب تھی اسے پہلی مرتبہ ۱۳۸۴ھ میں شائع کیا گیا تھا والدِ محترم نے اس کی تصحیح کی ہے اور ایک مفصل مقدمہ بھی اس پر لکھا ہے یہ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے ایک منطق دوسرا امور عامہ تیسرا تحصیل اور چوتھا تطبیق آراء پر مشتمل ہے اس کتاب کو ادارہ نشرو اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم نے شائع کیا تھا حضرت مولانا علامہ شمس الحق افغانیؒ نے اس کی اشاعت پر انتہائی مسرت کا اظہار فرمایا تھا اور والد صاحب مدظلہ کو اس کی اشاعت کے وقت انہوں نے خط تحریر فرمایا تھا جس کا فوٹو عکس مقدمہ تکمیل الاذہان طبع دوم پر بعینہٖ درج کیا گیا ہے۔

اسرار المحبّۃ (عربی) یہ کتاب بھی شاہ رفیع الدینؒ کی تصنیف ہے اور مخطوطہ تھی والد محترم کے مقدمہ اور تصحیح کے ساتھ ادارہ نشرو اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم نے اسے بھی شائع کیا ہے اس کتاب میں محبّت کی جملہ اقسام کی بحث کی گئی ہے۔

تفسیر آیت نور (عربی) اس کتاب میں آیت نور کی تفسیر میں گزشتہ حکماء کے اقوال و آراء کو جمع کیا گیا ہے یہ کتاب بھی مخطوطہ تھی والد محترم کی تصحیح اور مقدمہ کے ساتھ ادارہ نشرو اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم نے اسے شائع کیا تھا اس کے دوسرے ایڈیشن کو ادارہ

ہی انشاء اللہ بمع اردو ترجمہ کے شائع کرنے کا ارادہ رکھتا ہے

ترجمہ قرآن کریم یہ ترجمہ اردو زبان میں ہے اور سب سے پہلا تحت اللفظ ترجمہ ہے یہ مطبوعہ ہے اور نہایت مقبول ہے عوام اور خواص اس سے استفادہ کرتے ہیں۔

قیامت نامہ یا علاماتِ قیامت (فارسی) اس رسالہ کا اردو ترجمہ بھی ہو چکا ہے اس میں قیامت اور آخرت کے حالات اور کوائف احادیث مبارکہ کی روشنی میں بیان کیے گئے ہیں نہایت عبرت آموز ہے شاہ صاحبؒ کا یہ بھی ایک خاص رسالہ ہے جس سے عوام بھی فائدہ اٹھا سکتی ہے اس رسالہ کے علاوہ باقی کتب دقیق علمی ابحاث پر مشتمل ہیں اس لیے ان سے صرف علماء ہی استفادہ کر سکتے ہیں۔

ان مندرجہ بالا کتب کے علاوہ بھی شاہ صاحبؒ کی متعدد علمی و تحقیقی تصانیف ہیں جنہیں تذکرہ نگاروں نے ذکر کیا ہے جن میں سے بعض تو حوادثاتِ زمانہ کے پیشِ نظر ضائع ہو چکی ہیں اور کچھ مخطوطات کی صورت میں کتب خانوں میں پڑی ہوں گی بہر حال ہمیں جس قدر شاہ صاحبؒ کی کتب دستیاب ہوئی ہیں ہم نے انہیں منظر عام پر پیش کر دیا ہے۔

نوٹ: شاہ صاحب کی کتب کا تفصیلی تعارف ہر [illegible] تکمیل الاذہان میں کر دیا ہے۔

وفات شاہ صاحبؒ کی تاریخ وفات میں متعدد اقوال ہیں محقق بات یہ ہے کہ ۶ شوال ۱۲۳۳ھ میں دہلی کے اندر ستر سال کی عمر میں ہوئی۔

آخری گذارش

مجموعہ رسائل حصہ دوم کی پروف ریڈنگ احقر نے اپنی وسعت اور طاقت کے مطابق کی ہے بعض مقامات میں اصل مسودہ کے اندر ہی الفاظ مٹے ہوئے تھے جو اخذ نہیں کئے جا سکے اور بعض مقامات میں سیاق و سباق سے الفاظ تحریر کر دیئے گئے ہیں اہل علم سے گذارش ہے کہ اگر کسی کو کتابت یا عبارت میں کوئی غلطی نظر آئے تو اس کی نشاندہی کریں تاکہ اس کی درستگی کی جا سکے اور آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کر دی جائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

احقر
محمد فیاض خان سواتی
مہتمم مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ
۲۸۔ ربیع الاول ۱۴۱۴ھ

مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت مولانا شاہ رفیع الدین محدثؒ کے خاندانی حالات

آپ کا خاندان، سرزمین ہند میں ایک ایسا بابرکت خاندان ہے۔ جس کے برکات سے برصغیر (پاک و ہند) کے مسلمان بالخصوص، اور تمام عالم اسلام کے مسلمان بالعموم مستفید ہوئے اور ہوتے رہینگے۔ مسلمان اس خاندان کی برکات اور خدمات کو کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ حکیم الامۃ حضرت شاہ ولی اللہؒ اور ان کے چاروں فرزندان گرامی۔ حضرت مولانا شاہ عبدالعزیزؒ شاہ رفیع الدینؒ شاہ عبدالقادرؒ اور شاہ عبدالغنیؒ اور مؤخر الذکر کے فرزند ارجمند حضرت شاہ اسماعیل شہیدؒ یہ تمام حضرت شاہ ولی اللہؒ کے طریق کے راہ رو اور اسی سلسلہ کے رہنما ہیں اور حضرت شاہ ولی اللہؒ کے امت محمدیہ پر جو احسانات ہیں اور جو تجدیدی کارنامے آپ کی ذات گرامی نے سرانجام دیئے ہیں۔ امت کبھی ان کے شکریہ سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتی۔

اس مبارک خاندان کی یہ تمام ہستیاں خداوند تعالیٰ کے فضل و کرم سے ظاہر و باطن میں کامل اور شریعت وطریقت کی جامع اور مکمل تھیں۔ اصلاح و ارشاد ہو یا وعظ و نصیحت، تعلیم و تربیت ہو یا جہاد فی سبیل اللہ اور اس کی تیاری دفاع عن الاسلام ہو، یا بدعت و شرک کا قلع قمع ہو ہر طرح اور ہر مقام میں ان حضرات کو آپ رہنما ہی پائینگے، ان کے مبارک ہاتھوں سے اللہ تعالیٰ نے اس آخری دور انحطاط میں صراط مستقیم اور سنت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور اتباع صحابہ و سلف صالحین کا علم بلند کرایا۔ اور لوگوں کو حق و صداقت پر گامزن و فائز فرمایا۔

ان بزرگوں نے امت کی گمراہیوں کی بالکل صحیح تشخیص کی اور پھر صحیح تجویز اور علاج بتایا۔ اور امت کی علمی و عملی ضرورتوں کو صحیح طور پر پورا کیا۔

حضرت شاہ رفیع الدینؒ اور شاہ عبدالقادرؒ دونوں بھائیوں نے اپنے بڑے بھائی حضرت شاہ عبدالعزیزؒ سے تعلیم و تربیت اور فیض حاصل کیا۔ اور یہ دونوں بھائی شاہ عبدالعزیزؒ کے بہترین معاون ثابت ہوئے۔

عقلی مسائل کے لئے جس قدر تحقیقات کی ضرورت ہوتی تھی شاہ رفیع الدینؒ پورا کرتے تھے۔ اور کشفی مسائل میں حضرت شاہ عبدالقادرؒ کو خصوصیت سے امتیاز حاصل تھا۔ نقلی علوم کی تعلیم کے لئے حضرت شاہ عبدالعزیزؒ مسلم امام تھے۔ گویا عقل و نقل اور کشف کی جامع سوسائٹی بنانے میں ان حضرات کی کوششیں بہت ہی گرانقدر تھیں۔ (کما افادہٗ مولانا السندھیؒ)

حضرت شاہ شہیدؒ ان تینوں بزرگوں سے تعلیم و تربیت اور فیض حاصل کرتے رہے۔ یہ عجیب اتفاق ہے کہ حضرت شاہ ولی اللہؒ کے یہ چاروں مایۂ ناز فرزند معکوس ترتیب سے فوت ہوئے۔ سب سے چھوٹے فرزند شاہ عبدالغنیؒ ۱۲۲۷ھ میں اور ان سے بڑے شاہ عبدالقادرؒ ۱۲۳۰ھ میں اور ان سے بڑے حضرت شاہ رفیع الدینؒ ۱۲۳۳ھ میں اور ان سے بڑے حضرت شاہ عبدالعزیزؒ ۱۲۳۹ھ میں فوت ہوئے۔

یہ چاروں بھائی ایک ہی والدہ سے تھے اور شاہ عبدالعزیزؒ سے ایک بڑے بھائی بھی تھے۔ جن کی والدہ اور تھیں۔ اور وہ ان سب سے پہلے فوت ہوئے۔ جیسا کہ شیخ محدث محسنؒ نے الیانع الجنی میں ذکر کیا ہے۔

حضرت شاہ رفیع الدینؒ برابر تعلیم و تدریس میں مشغول رہے اور بہت سے لوگ ان سے فیضیاب ہوئے آپ علوم قرآن اور حدیث پڑھاتے رہے اور ساتھ ساتھ تصوف و سلوک کی تعلیم اور تلقین کرتے رہتے تھے۔ علم الحقائق اور معارف میں کچھ رسائل اور کتب بھی تصنیف فرمائی ہیں اور ضرورت کے وقت فتاویٰ بھی تحریر فرماتے تھے۔ بعض مسائل میں آپ کی تحقیقات نہایت ہی قیمتی اور بصیرت افروز ہیں۔ اور پھر یہ کہ آپ بہت مختصر الفاظ میں بڑے بڑے مطالب جمع کر دیتے ہیں۔ یہ آپ کا خاص کمال ہے۔ صاحب الیانع الجنی نے ان الفاظ سے آپ کی تعریف کی ہے "الشیخ المحدث، المتقن، المحقق رفیع الدین دہلویؒ"۔ اور اسی طرح آپ کے فہم کی بھی بہت تعریف کی ہے۔ آپ علماء راسخین میں سے تھے اور آپ کا علم نہایت ہی ٹھوس تھا۔ "مزار ایشان نزد مزار حضرت مولانا شاہ ولی اللہؒ است نور اللہ مرقدہم و تربتہم، اوصاف و کمالات ایں حضرات خارج از حد بیان است، ہر یکے فرید دہر و وحید عصر، صاحب علم و حلم، و عمل و تقویٰ، و فہم و ذکاء، و فراست و دیانت، و امانت، و مراتب، و ولایت بود۔ ہمچنین اولاد و اولادِ اولاد آں حضرات ؎

ایں سلسلہ از طلائے ناب است ایں خانہ تمام آفتاب است (مقدمہ فتاویٰ عزیزی)

اور صاحب اتحاف نے بحوالہ قول جلی حضرت شاہ ولی اللہؒ سے نقل کیا ہے کہ "ایشان فرمودند آگاہی آمد ایں فرزنداں کہ لطف الٰہی ایشانرا بما عطا کردہ است، وہمہ سعداء اند، نوعے از ملکیت در ایشاں ظہور خواہد کرد، لیکن تدبیر غیب تقاضا می کند کہ دو شخص دیگر پیدا می شوند، کہ در مکہ و مدینہ سالہا احیاء علوم دین نمایند، وہماں جا وطن اختیار کنند، از طرف مادر نسب ایشان بما متمکن باشد زیرا کہ آدمی زادہ بوطن مادر میلان طبع دارد، انتقال جماعہ کہ والدین ایشان متمکن باشند بر زمینے مستحیل است، مگر بقسر قاسر انتہیٰ (مقدمہ فتاویٰ عزیزی)

اس پیشگوئی کا مصداق حضرت شاہ عبدالعزیزؒ کے دونوں نواسے حضرت مولانا شاہ محمد اسحاقؒ اور مولانا شاہ محمد یعقوبؒ ہیں۔ کیونکہ یہ دونوں بزرگ دہلی سے ہجرت کرکے مکہ مکرمہ میں اقامت گزین ہو گئے تھے۔ اور وہاں ہی عرصہ تک احیاء علوم دین میں مشغول رہے اور عرب و عجم کو مستفید فرماتے رہے، رحمہم اللہ تعالیٰ۔ حضرت شاہ رفیع الدینؒ کے چار صاحبزادے تھے اور سب ہی اہل علم۔ مولانا محمد موسیٰؒ مولانا مخصوص اللہؒ مولانا محمد عیسیٰ اور مولانا حسن جانؒ اور ایک صاحبزادی تھی۔ شیخ محسنؒ حضرت شاہ عبدالعزیزؒ کے تلامذہ کا ذکر کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں۔

ومنہم اخوہ رفیع الدین، المحقق، المتقن، کان مقدماً علی کثیر من اقرانہ، وکانت لہ خبرۃ تامۃ لغیر ہذہ العلوم ایضاً من علوم الاوائل، وہذا قلما یتفق مثلہ لاہل العلم۔ ولہ مؤلفات جیدۃ۔ مرصفات رأیت بعضہا فرأیتہ یکثر فی مالہٗ من المتون المہذبۃ فی نفائس الفنون، من رموز خفیۃ، یعسر الاطلاع علیہا ویجمع مسائل کثیرۃ فی کلمات یسیرۃ وفی ذالک دلالۃ واضحۃ علی تعمقہ فی العلوم ودقۃ فہمہ بین الفہوم وکتابہ دمغ الباطل فی بعض المسائل الغامضۃ من علم الحقائق، معروف، اثنیٰ علیہ اہلہا، ولہ مختصر جامع بیّن فیہ سریان الحب فی الاشیاء کلہا۔ واوضح الناس اطوارہ۔ یسمیٰ اسرار المحبۃ۔ قلما اتفق مثلہ لغیرہ ممن تکلم علیہا، ولا اعرف سبقہ الی ذالک الا رجلان من الفلاسفۃ۔ ابو نصر فارابی، وابو علی بن سیناء علی مایفہم من کلام النصیر الطوسی فی بعض کتبہ۔ واللہ اعلم

ثم اعلم ان الاخوین توفیا قبل عبدالعزیزؒ وکذا اخوہما عبدالغنیؒ ابو اسماعیلؒ وہم اِخوۃٌ اشقاء۔ وکان لعبدالعزیزؒ اخٌ اقدم منہ سناً اسمہ محمدؒ وکان اخاہ لابیہٖ اخذ عن ابیہ وہو ایضاً قدیم الوفات۔ رحمہم اللہ تعالیٰ (الیانع الجنی ص ۷۵-۷۶)

مسلک شاہ رفیع الدینؒ ان کے والد اور پورا خاندان مسلکاً حنفی تھا۔ جیسا کہ صاحب الیانع الجنی موطا کی اسناد کے ذیل میں فرماتے ہیں۔ "قلت ومن لطائف ہذا الاسناد انہ اجتمع فی اولہ اربعۃ آخرہم ابو عبدالعزیزؒ اشترکوا فی اربع

خصائل بو ذالک انہم دہلویوں مکّی و انہم عمریّون صُلبیّۃ و انہم صوفیۃ اصحاب الزہد والورع و انہم حنفیوں علی مذہب النعمان ابی حنیفۃ وصاحبیہ - رضی اللہ عنہم

اور اسی طرح نواب صدیق حسن خان حضرت شاہ ولی اللہؒ کے بارہ میں فرماتے ہیں۔ " وطریقہ ہذا کلہ مذہب حنفی وشرعہ حقۃ مضیٰ علیہا السلف و الخلف الصلحاء من العجم والعرب العرباء ولم یختلف فیہ اثنان ممن قلبہ مطمئن بالایمان "

اور اس کے بعد حضرت شاہ ولی اللہؒ کے پورے خاندان کے متعلق فرماتے ہیں کہ ان کی نسبت شیخ محمد بن عبدالوہاب النجدیؒ کی طرف درست نہیں اور نہ وہابیت کی طرف۔ " بل ہم بیت علم الحنفیۃ وقدوۃ الملۃ الحنیفیۃ واصحاب النفوس الزکیۃ واہل القلوب القدسیۃ المویدۃ من اللہ الذاہبۃ الی اللہ " (الحطۃ فی ذکر الصحاح الستۃ ص۷۱)

اور اسی طرح حضرت مولانا القاری عبدالرحمٰن المحدث پانی پتیؒ فرماتے ہیں۔ " کان مولانا عبدالعزیز و محمد اسحاق حنفیین و مولانا اسماعیل الشہید کان سُنیاً حنفیاً " - (شاہ ولی اللہؒ اور تقلید بحوالہ کشف الحجاب ص۲۳)

یہ عجیب ستم ظریفی ہے کہ بعض غیر مقلدین حضرات آجکل یہ کوشش کر رہے ہیں کہ اپنی غیر مقلدیت کی کڑی حضرت شاہ ولی اللہؒ اور اسماعیل شہیدؒ کے ساتھ ملائیں۔ لیکن " چہ نسبت خاک را بعالم پاک "۔ یہ بات یقینی ہے کہ شاہ ولی اللہؒ اور شاہ شہیدؒ باوجود تبحر علمی اور وسعت نظری کے اور باوجود فروعی مسائل میں فراخدلی اور فیاضی برتنے کے اور فروعی اختلافات کو اپنے اپنے مقام پر درست سمجھتے ہوئے بھی مسلکاً و عملاً مقلد اور حنفی تھے، ان بزرگوں کو غیر مقلد ظاہر کرنا یقیناً ایک تاریخی کذب بیانی بلکہ صریح جھوٹ ہوگا۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ نے فیوض الحرمین میں تصریح فرمائی ہے کہ " ان فی مذہب الحنفی طریقۃ انیقۃ ہی اوفق الطرق بالسنۃ المعروفۃ "۔ اس لحاظ سے مذہب حنفی کو خاص مزیّت حاصل ہے۔ اگرچہ حضرت امام مالک اور امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ تعالیٰ کا طریق بھی خارج از سنت نہیں ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ اپنی کتاب عقد الجید میں فرماتے ہیں کہ " اعلم ان فی الاخذ بہذہ المذاہب الاربعۃ مصلحۃ و فی الاعراض عنہا مفسدۃ کبیرۃ " - مذاہب اربعہ کی تقلید سے خروج کو شاہ صاحبؒ بڑا مفسدہ فرماتے ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ نے اگرچہ بعض مسائل میں وسعت نظری کا ثبوت دیا اور بعض فقہی جزئیات کے ساتھ اختلاف بھی کیا ہے۔ مگر جو کچھ بھی انہوں نے فرمایا ہے۔ وہ بھی مذہب حنفی ہے اور اس سے خارج نہیں۔ کیونکہ فقہ حنفی حضرت امام اعظم اور ان کے قابل قدر تلامذہ اور اس کے بعد جصاص

رازیؒ طحاویؒ اور کرخیؒ وغیرہ وغیرہ فقہاء کرامؒ کی تخریجات کا نام ہے اور ان میں سے کسی کا قول بھی لینا فقہ حنفی کے تحت ہے نہ کہ اس سے بالا مگر فہم شرط ہے۔ ع یہ اپنی حد نظر ہے کسی کی دید کہاں۔

حضرت شاہ صاحبؒ علماً و تمدیناً حنفی و شافعی تھے یعنی دونوں طریقوں کی تعلیم برابر دیتے تھے۔ اور آپ کے اساتذہ بھی دونوں قسم کے بزرگ تھے۔ مگر عملاً آپ حنفی طریقہ کی پابندی کرتے تھے اور اسی کو ضروری سمجھتے تھے۔ بعینہ یہی طریقہ آپ کے جلیل القدر پوتے شاہ شہیدؒ کا تھا۔ حضرت شاہ شہیدؒ نے ایک رسالہ رفع الیدین فی الصلوٰۃ کے موضوع پر تحریر فرمایا ہے۔ جس کا حاصل اولویت رفع عند الرکوع وغیرہ ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ تارک کا عمل بھی سنت کے خلاف نہیں ہوگا۔ اور اس پر کسی قسم کی ملامت نہیں ہوگی حالانکہ اس قسم کا قول بعض دیگر علماء احناف کا بھی ہے۔ لیکن غیر مقلدین حضرات اس سے حضرت شاہ شہیدؒ کی غیر مقلدیت ثابت کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں۔ فیا للاسف۔ حالانکہ اسی رسالہ میں شاہ شہیدؒ ائمہ اربعہ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ " الائمۃ المجتہدین الاربعۃ الذین ہم ارکان الدین و اعمدۃ الاسلام " (تنویر العینین ص۶۸ طبع لودھیانہ)، حضرت شہیدؒ تو ائمہ اربعہ کو دین کے ارکان اور اسلام کے ستون فرما رہے ہیں۔ آپ خود ہی انصاف سے فرمائیے کہ کیا ان ائمہ کرامؒ کی تقلید کرنے والے حضرات مشرک اور بدعتی ہیں؟ اگر یہ نظریہ ٹھیک ہے تو اٹھانوے ۹۸ فیصدی امت تقریباً مشرک اور بدعتی ٹھہرے گی۔ اور معدودے چند افراد ہی کہیں مسلمان قرار پائیں گے۔

تکملہ مجمع البحار ج۳ ص۵۴۷ میں مشہور محدث حضرت علامہ محمد طاہر پٹنی لکھتے ہیں " اگر اللہ تعالیٰ کے نزدیک امام ابو حنیفہؒ کی مقبولیت کا کوئی خاص راز نہ ہوتا، تو امت کا ایک نصف حصہ کبھی بھی ان کی تقلید پر اکٹھا نہ ہوتا " (بصائر ص۱) مگر اس کے باوجود آپ غیر مقلد حضرات کو دیکھیں گے کہ وہ مقلدین کو بالخصوص احناف کو بسا اوقات مشرک و مبتدع اور تقلیدی جمود کا شکار۔ " اندھی تقلید کرنے والے " اور تعصب کا شکار۔ حدیث کی مخالفت کرنے والے۔ لکیر کے فقیر۔ سنت کے دشمن وغیرہ وغیرہ القاب سے یاد کرتے ہیں۔ فالی المشتکیٰ۔

یہ طرز عمل ان ہی لوگوں کا ہو سکتا ہے جو اکابر ائمہ کے ساتھ بغض و نفرت رکھتے ہیں مگر سب لوگ ایسے نہیں ہو سکتے۔ خدا شاہد ہے کہ ہمارے دلوں میں ان غیر مقلدین کے خلاف قطعاً عناد یا تعصب کا ادنیٰ سا جذبہ بھی نہیں، جو غیر متعصب اور معتدل ہیں جو اپنے فہم و دانست کے مطابق ظواہر نصوص و احادیث نبویہ پر عمل کرتے ہیں۔

اور ائمہ اربعہ اور دیگر اکابر علماء و فقہاء جو مقلد تھے اور جو تقلید شخصی کرتے تھے۔ ان کو بُرا نہیں کہتے کیونکہ تمام مقلدین کو مشرک، بدعتی، گمراہ کہنے کے بعد خود ہی غور فرمائیں کہ امت کا کتنا حصہ رہ جاتا ہے جو حق و صداقت کا علمبردار ہو۔ اسی طرح جو لوگ قراۃ فاتحہ خلف الامام کی فرضیت ثابت کرنے کی انتہائی کوشش کرتے ہیں اور نہ پڑھنے والوں پر قاطبۃً فتویٰ صادر کرتے ہیں کہ ان کی نماز نہیں ہوتی۔ کیا یہ سینہ زوری اور بلا وجہ غلو و تشدد نہیں؟ کیا ارب در ادب علماء فقہاء محدثین اور عوام جو بغیر قراۃ فاتحہ خلف الامام ہی نمازیں پڑھتے رہے ہیں۔ کیا ان سب کی نمازیں ضائع ہونگی؟ اور اسی طرح طلاق ثلاثہ کو ایک بنا دینا عہد صحابہ سے لیکر آجتک جمہور امت کے سلف و خلف کے خلاف چلنا۔ اور ان کا تخطیۂ کرنا یہ کونسا انصاف ہے؟ یا صرف حضرت امام ابو حنیفہؒ کی مخالفت کو ہی انتہائی درجہ کی نیکی سمجھنا یہ کونسی دیانتداری ہے؟ اعاذنا اللّٰہ من سوء الفهم والغلو والتعصب۔

حضرت شاہ رفیع الدینؒ کی تصانیف کا اجمالی تعارف

(۱) ترجمہ قرآن کریم — یہ ترجمہ غالباً اردو زبان میں سب سے پہلا تحت اللفظ ترجمہ ہے اور نہایت عمدہ ہے۔ اگر کوئی مجھ سے سوال کرے کہ قرآن کریم کے تراجم میں سب سے بہتر ترجمہ کونسا ہے۔ تو میرا جواب یقیناً یہ ہوگا کہ لفظی تراجم میں شاہ رفیع الدینؒ کا ترجمہ سب سے اچھا ہے اور بامحاورہ تراجم میں شاہ عبدالقادرؒ کا ترجمہ بے حد نفیس اور بے نظیر ہے۔ اب اگرچہ اردو زبان نے بہت ترقی کرلی ہے مگر پھر بھی ان دونوں ترجموں کا جواب نہیں، یہ بارہا طبع ہو چکے ہیں اور انکی معیاری طباعت تاج کمپنی نے کرائی ہے۔

(۲) قیامت نامہ یا علامات قیامت ۔ اس رسالہ میں شاہ رفیع الدینؒ نے قیامت کے بارہ میں جو جو احوال اور کوائف وغیرہ احادیث سے ثابت ہیں انہیں نہایت ہی مؤثر پیرایہ میں جمع کیا ہے۔ اصل میں یہ ایک مجلس کے اندر شاہ صاحبؒ نے وعظ کی شکل میں ارشادات پیش کئے تھے پھر احباب کے اصرار پر اس کو کتابی شکل میں مرتب کیا گیا یہ رسالہ فارسی زبان میں ہے اور نہایت عبرت افروز اور نصیحت افزا ہے۔ آخرت کی زندگی کا پورا نقشہ آنکھوں کے سامنے آجاتا ہے اور اس کا اردو ترجمہ بھی بارہا طبع ہو چکا ہے۔ حضرت شاہ رفیع الدینؒ کی تمام تصانیف میں سے ترجمہ قرآن کریم کے بعد غالباً یہ قیامت نامہ ہی ایک ایسا رسالہ ہے جس سے عوام فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ حضرت شاہ رفیع الدینؒ کی اکثر کتابیں ایسی ہیں جن سے صرف خواص ہی مستفید ہو سکتے ہیں، انہیں کی خاطر وہ تصنیف کی گئی ہیں۔

(۳) اسرار المحبۃ — یہ کتاب عربی زبان میں ہے۔ اور خواص کے لئے لکھی گئی ہے تاکہ ان کے اذہان کو حضرت شاہ ولی اللہؒ کے فلسفہ (حکمت ولی اللہیؒ) کے قریب کیا جا سکے۔

حکمت ولی اللہی

شاہ ولی اللہؒ کا فلسفہ دراصل حکمت اسلامیہ کا دوسرا نام ہے۔ اس میں دین قیم کی وہ باتیں بیان کی گئی ہیں جو عوامی اذہان میں نہیں آسکتیں بلکہ دین اور مذاہب کی واقفیت کے بعد جو لوگ اس کے احکام اسرار و حکم اور ان کی جامعیت اور باریکیوں کو جاننا چاہتے ہیں اور اس کی قانونی اور تشریعی حیثیت اور اس کی ہمہ گیری وغیرہ کو معلوم کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ لکھی گئی ہے۔ اس میں جس طرح ظواہر شریعت اور اس کے اسرار و رموز، حکم و مصالح زیر بحث آتے ہیں۔ اسی طرح طریقت، حقیقت، معرفت، تصوف، سلوک، حقائق، علوم تکوینیہ، حدیث و تفسیر، فقہ، علم کلام، تاریخ، اقتصادیات، معاشیات، نظام حکومت و خلافت، فلسفہ، علوم آلیہ وغیرہ بھی ذکر کئے گئے ہیں۔ الغرض علوم و فنون کے سب ہی گوشے زیر بحث آجاتے ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ کے فلسفہ کی بعض باتیں گذشتہ حکماء اور فلاسفروں کی بعض باتوں سے ملتی ہیں۔ اور وسعت و جامعیت کے اعتبار سے دیکھا جائے تو شاہ صاحب خود ایک مستقل فلسفہ کے بانی اور امام ہیں۔ حضرت شاہ صاحب کا فلسفہ کافی مشکل ہے۔ کیونکہ اس میں عقلی و نقلی دلائل و براہین کے ساتھ ساتھ کشف و مشاہدہ کو بھی بڑا دخل ہے۔ جس سے ہر صاحب علم یا کم استعداد کے لوگ بآسانی فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ حضرت شاہ شہیدؒ نے اس فلسفہ کی تسہیل و تفہیم یا تقریب کے لئے اپنی کتاب عبقات تصنیف فرمائی ہے جس کا سب سے بڑا مقصد اپنے جد امجد کی حکمت کو سمجھنے کے لئے گویا ایک مفتاح فراہم کرنا ہے اور ضمناً یہ بات بھی پیش نظر ہے کہ شاہ صاحب کی طرح گذشتہ بزرگ مثلاً حضرت الشیخ الاکبر محی الدین ابن عربیؒ اور حضرت مجدد الف ثانیؒ اور بعض دیگر اکابر کے کلام کو بھی اس کتاب کی مدد سے سمجھا جا سکے۔ جنہوں نے حقائق و معارف سے اور ان غامض علوم سے بحث کی ہے جو اکثر محققین اور راسخین کی دسترس سے بھی بالا ہیں۔ اسی طرح حضرت شاہ رفیع الدینؒ نے بھی بعض رسائل ایسے تحریر فرمائے ہیں۔ جن کی مدد سے حکمت ولی اللہی کی تقریب و تحصیل میں سہولت پیدا ہو سکتی ہے۔ چنانچہ یہ کتاب اسرار المحبۃ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ یہ رسالہ اپنے موضوع پر ایک بے نظیر رسالہ ہے اس میں یہ بتایا ہے کہ محبت تمام اشیاء میں جاری و ساری ہے۔ اور قرآن مجید میں محبت کے متعلق جو آیات وارد ہوئی ہیں اور اسی طرح بعض

احادیث جن میں محبت کا ذکر ہے ان کی کچھ تشریح وتفصیل بھی کی گئی ہے اور ان سے جو دقیق ضوابط و اصول اخذ کئے جا سکتے ہیں ان کو نہایت ہی حکیمانہ طریق پر مختصراً بیان کیا ہے۔ اس کتاب کے تین حصے ہیں تحصیل، تفصیل، تذئیل۔ اس پایہ کی اور اسقدر عمدہ اور نفیس کتاب جو اپنے موضوع پر بالکل انوکھی اور لاجواب ہے شاید ہی لکھی گئی ہو۔ ظہیر بلگرامی صاحب کا ایک رسالہ فارسی زبان میں اس موضوع پر موجود ہے۔ مگر اس کو شاہ صاحب کی کتاب سے ایسی نسبت بھی نہیں جیسے کہ فارسی زبان کی پہلی کتاب کو گلستان کے ساتھ۔ لیکن نہایت ہی افسوس کی بات ہے کہ ابتک یہ قیمتی کتاب طبع نہیں ہوئی۔ لعل اللہ یحدث بعد ذالک امراً۔ حضرت امام السیاست مجاہد کبیر مفسر قرآن مولانا عبید اللہ سندھی رح نے ۱۹۴۱ء میں "شاہ ولی اللہ کی سیاسی تحریک" شائع کرائی تو اس کی وساطت سے شاہ رفیع الدین رح کی بعض کتابوں کا علم ہوا۔ ورنہ یہ گوشہ گمنامی میں پڑی رہتیں۔ غالباً اسی طرح بہت سے اکابر واسلاف کے علمی ذخائر حوادثات روزگار کا شکار ہو چکے ہیں۔ جن سے اخلاف محروم ہیں۔ واللہ المستعان۔

اسرار المحبۃ کا ایک قلمی نسخہ ڈاکٹر مولوی محمد شفیع صاحب سابق پرنسپل اورنٹیل کالج لاہور۔ اور حال ڈائرکٹر انسائیکلو پیڈیا آف اسلام شعبہ اردو۔ پنجاب یونیورسٹی کے ذاتی کتب خانہ میں موجود ہے کاتب الحروف نے خط وکتابت کے ذریعہ دریافت کیا۔ اور پھر خود حاضر ہو کر کتاب کو دیکھا۔ خیال تھا کہ اس کی نقل لیکر اسے شائع کرانے کی سعی کی جائے۔ مگر نہایت افسوس ہوا کہ کتاب اسقدر بوسیدہ ہو چکی ہے کہ بہت سے مقامات سے ناقابل استفادہ ہے اس کے چھیانوے ۹۶ صفحات ہیں اور روح اللہ طوسی رح کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہے۔ اس کے آخر میں تاریخ ۱۲۵۳ھ درج ہے۔ پرانے زمانہ کا دستی دبیز کاغذ ہے۔ سیاہی نہایت عمدہ ہے الفاظ بھی بہت حسین اور خوشخط لکھے ہوئے ہیں۔ مگر جگہ جگہ کرم خوردہ ہونے کی وجہ سے اکثر حصے کے حروف، الفاظ اور جملے غائب ہیں جس سے استفادہ ناممکن ہے

(۴) تکمیل الاذہان۔ فلسفہ ولی اللہی کی تشریح وتوضیح کے لئے یہ رسالہ بھی بہت اہمیت رکھتا ہے اور اس سلسلہ میں نہایت ہی کار آمد ہے اس میں چار باب ہیں۔ منطق [1]۔ فن تحصیل [2]۔ امور عامہ [3]۔ تطبیق الآراء [4]۔ حضرت مولانا عبید اللہ صاحب سندھی رح نے اس کتاب کی بہت تعریف کی ہے۔ کہ ایسی جامع کتاب اس سے قبل نہیں لکھی گئی۔ اس کی طباعت بھی غالباً ابتک نہیں ہوئی (واللہ تعالےٰ اعلم)

(۵) تفسیر آیت نور۔ آیت نور کی تفسیر میں گذشتہ حکماء نے جو کچھ بیان کیا ہے ان کے اقوال وآراء کو اس

میں جمع کیا ہے۔ شاہ رفیع الدین رح نے فرمایا ہے کہ حقائق اشیاء سے بحث کرنے والے اس سے قبل چار فرقے گذرے ہیں محدثین [1] عظام۔ صوفیہ کرام [2]۔ متکلمین [3]۔ حکماء [4] (اشراقیین ومشائیین) ان کے علاوہ ایک پانچواں [5] گروہ بھی ہے۔ جو حقائق سے بحث کرنے والا ہے اس فریق کے امام انہوں نے حضرت شاہ ولی اللہ رح بتائے ہیں اور پھر ان کے بارہ میں فرمایا ہے کہ "وہو اعمہم فکراً واجمعہم علماً"۔ یعنی حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رح ان تمام سے بڑھ کر وسیع فکر اور جامعیت رکھنے والے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۶)۔ دمغ الباطل۔ یہ کتاب علم الحقائق کے بیان پر مشتمل ہے۔ اسرار المحبۃ اور دمغ الباطل کا ذکر الشیخ المحدث محسن تیمی رح نے الیانع الجنی میں کیا ہے اور ان کی بہت تعریف کی ہے۔

(۷)۔ رسالہ حملۃ العرش۔ یہ فارسی زبان میں ہے اس میں حملۃ العرش کی تحقیق ہے بہت ہی مختصر اور اچھا رسالہ ہے۔ انسانی فکر میں بہت ہی بلندی پیدا کرتا ہے۔ ادق ہے حضرت شاہ عبد العزیز رح نے اس رسالہ کا اہم حصہ اپنی تفسیر عزیزی میں نقل کر دیا ہے۔

(۸) رسالہ بیعت۔ یہ بھی فارسی زبان میں ہے۔ اس میں بیعت کی مشروعیت۔ اس کی ضرورت، فوائد اور اس کی چار قسمیں۔ اور ان کی کسی قدر وضاحت بیان فرمائی ہے یہ بھی اچھا رسالہ ہے۔

(۹) رسالہ شرح چہل کاف۔ یہ عربی زبان میں ہے اس رسالہ میں چہل کاف جو ایک مشہور دعا ہے جس میں چالیس کاف آتے ہیں۔ بہت سے بزرگوں کے معمولات میں سے ہے جو شعروں میں ہے یہ حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رح کی طرف منسوب ہے۔ اس کی شرح اور فوائد اور طریقہ خواندگی تحریر فرمایا ہے۔

(۱۰) رسالہ شرح رباعیات۔ یہ فارسی زبان میں ایک مختصر سا رسالہ ہے اسمیں فارسی زبان کی دو رباعیاں ہیں۔ جن میں انسانی حقیقت اور انسان کا تعلق اور قرب اللہ جل شانہ کے ساتھ بیان کیا گیا ہے حضرت شاہ رفیع الدین رح نے ان رباعیوں کی شرح لکھی ہے۔ مگر نہایت ہی غامض ہے اور یہ علم الحقائق سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے لئے مفید ہے۔ اور وہ ہی اس سے کما حقہ استفادہ کر سکتے ہیں۔ اہل علم بھی اس کی بعض باتوں سے محظوظ و مستفید ہو سکتے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۱۱) رسالہ نذور بزرگان۔ یہ فارسی زبان میں ہے اور اس رسالہ میں اس مسئلہ کی تحقیق کیگئی ہے۔ کہ بعض

لوگ بزرگوں کے مزارات پر نذرانے لے جاتے ہیں ان کا کیا حکم ہے۔ اس کی متعدد صورتیں ہیں۔ ایک تو یہ کہ خاص اس بزرگ کے نام پر نامزد کر کے اس کا تقرب و تعبد مراد ہو۔ اس کے متعلق تو شاہ رفیع الدینؒ فرماتے ہیں۔ "اگر بتحقیق محض برائے اولیاء است حرام است کہ وارد شدہ است کہ لانذر لغیر اللہ"۔ لیکن اگر محض اولیاء یا اصحاب مزار کے لئے نہیں تو اس کی بھی متعدد صورتیں ہیں اور احکام جدا جدا ہیں اسکی پوری وضاحت فرمائی ہے۔ یہ رسالہ ان لوگوں کے لئے یقیناً بصیرت افروز ہوگا جو نذر کی حرام اور جائز، مستحب اور غیر اولیٰ وغیرہ صورتیں جاننا چاہتے ہیں اور اس سے کافی معلومات ان لوگوں کو حاصل ہونگی جو ان مسائل کی تحقیقات کے طلبگار رہتے ہیں اگرچہ اس وقت بعض لوگوں کی جہالت یا تعصب کی وجہ سے بعض نفس جائز صورتوں کو ترک کرنا بھی بہتر ہوگا تاکہ عوام کسی غلط عقیدہ اور نظریہ میں مبتلا نہ ہو جائیں آخر لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوْا انْظُرْنَا ایسے ہی ماحول کے لئے نازل ہوا ہے اور فقہاء احناف کی نظرِ بصیرت بھی اس کا سدباب کر گئی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۱۲) رسالہ جوابات سوالات اثنا عشر۔ فارسی میں ہے۔ نام سے ہی ظاہر ہے کہ اس میں بارہ سوالات کے جوابات ہیں۔ ان میں سے بعض فقہی سوالات ہیں اور بعض علم کلام سے متعلق ہیں۔ جیسے رؤیت باریتعالیٰ کا مسئلہ جو اہل سنت اور معتزلہ کے درمیان معرکۃ الآراء مسئلہ ہے حضرت شاہ صاحب نے اختصار سے اس کی بہت اچھی تحقیق کی ہے۔ اگر اس کو غور سے پڑھا جائے تو بہت سے اشکالات اس سے حل ہو جاتے ہیں اور مسئلہ کی حقیقت بھی ذہن نشین ہو جاتی ہے۔ اور اسی طرح کفار کا مسلمانوں کی املاک پر قابض ہو کر متصرف ہونا۔ یا مسلمانوں کا کفار کی املاک پر قابض و متصرف ہونا۔ یہ مسئلہ بھی واضح کیا گیا ہے اور اس مسئلہ کی بعض جزئیات تو موجودہ دور میں بھی زیر بحث آتی ہیں اور آتی رہتی ہیں اس لئے بھی یہ مفید ہے۔ اسی طرح ایک سوال کے جواب میں کعبہ کی حقیقت کی طرف بھی کچھ اشارات ہیں۔ الغرض کہ یہ رسالہ بھی عجیب بصیرت افزا ہے۔

(۱۳) رسالہ شرح برہان العاشقین۔ فارسی زبان میں ہے حضرت خواجہ بندہ نواز گیسو درازؒ کے ایک مختصر ترین رسالہ (برہان العاشقین۔ معما یا سمر) کی شرح ہے حضرت گیسو درازؒ نے انسان کی ترقی کے تمام امکانی مدارج۔ ادنیٰ درجہ سے انتہائی اعلیٰ مراتب تک ایک قصہ اور چیستان۔ یا رمز و اشارہ کی زبان میں بیان کئے ہیں۔ اسکی شرح حضرت شاہ رفیع الدینؒ نے اپنی اختصار پسند طبع کے مطابق نہایت ہی اختصار سے مگر نہایت ہی مفید طریق پر تحریر

فرمائی ہے۔ اہل علم کے لئے عجیب چیز ہے۔

(۱۴) رسالہ اذان نماز۔ فارسی زبان میں ہے اس رسالہ میں حضرت نے اذان کے کلمات کے تکرار کی حکمت بیان فرمائی ہے اور کلمات اذان کی تشریح بھی نہایت عجیب طریق پر بیان فرمائی ہے بے نظیر رسالہ ہے۔ اس رسالہ سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت شاہ صاحبؒ کو اسلام کے حقائق سمجھنے کا کس طرح اور کتنا بہرۂ وافر عطا فرمایا تھا۔ و ذٰلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔

(۱۵)۔ رسالہ فوائد نماز۔ فارسی زبان میں مختصر سا رسالہ ہے۔ سالکان طریقت اور واصلان حقیقت کی آگاہی کیلئے لکھا گیا ہے نماز کی حقیقت اور مخلوقات کے مختلف طبقات کی نمازوں کا الگ الگ بیان بہت دقیق اور عجیب و غریب ہے۔

(۱۶)۔ فتاویٰ شاہ رفیع الدینؒ۔ فارسی زبان میں ہے اور مختلف فقہی، اعتقادی، الغرض کہ چند اصولی و فروعی سوالات کے جوابات پر مشتمل ہے اور بعض مسائل کی تحقیق تو بہت ہی اعلیٰ اور قابل قدر ہے۔ اصحاب فتاویٰ کے لئے بہت انفع ہے۔

(۱۷)۔ رسالہ در رود راری۔ رسالہ جوابات سوالات اثنا عشر میں اسکا حوالہ شاہ صاحب نے دیا ہے۔ واللہ اعلم ممکن ہے کہ ان کتب و رسائل کے علاوہ بھی حضرت شاہ رفیع الدینؒ کی اور کتابیں اور رسائل ہوں مگر ہمارے علم میں نہیں ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مجموعہ رسائل شاہ رفیع الدینؒ اس وقت ناظرین کرام کے سامنے جو مجموعہ پیش کیا جا رہا ہے ہمیں مؤخر الذکر دس رسائل (رسالہ اذانِ نماز۔ رسالہ فوائد نماز۔ رسالہ حملۃ العرش۔ رسالہ بعیت۔ رسالہ شرح رباعیات۔ رسالہ شرح چہل کاف۔ رسالہ شرح برہان العاشقین۔ رسالہ نذور بزرگان۔ رسالہ جوابات سوالات اثنا عشر اور فتاویٰ) ہیں۔ ان کو شائع کرنیکا مقصد صرف یہ ہے کہ اہل علم اور قدردان حضرات کے سامنے اپنے اسلاف کرام کے علمی تبرکات اور تحقیقی جواہر پارے پیش کئے جائیں تاکہ اہل علم حضرات اکابر و اسلاف کے بلند پایہ مضامین سے خود مستفید ہوں اور دین میں رسوخ و ثبات الیقین و اذعان اور اپنے تحقیقی کاموں میں تثبت و پختگی حاصل کریں اور اہل ظواہر کیطرح صرف سطحی طور پر ظاہر پرست ہی نہ بنیں۔ اور نہ فلاسفہ اور ارباب اعتزال قدیم و جدید اور اصحاب الحاد و زیغ کی طرح صرف عقلیات کے ہی دلدادہ بن جائیں

بلکہ ان اکابر کی طرح جادۂ اعتدال پر رہتے ہوئے سب سے پہلے نقل صحیح اور پھر عقل مستقیم اور پھر کشف صحیح سے بھی مستفید ہوتے ہوئے ہر ایک کو اپنی اپنی جگہ اور مقام میں رکھیں۔ گویا اہل علم کے لئے تشویق و ترغیب ہے۔

تصحیح مجموعہ رسائل میں سے رسائل تسع۔ فتاویٰ کے علاوہ مطبع نامی احمدی دہلی کے طبع شدہ ہیں اور اغلاط سے مملو ہیں۔ بلکہ بڑی بڑی فاحش غلطیاں موجود تھیں جسقدر ممکن ہو سکا ان الفاظ کی تصحیح کر دی گئی ہے۔ البتہ بعض بعض مقامات پر سیاق و سباق کے ملانے سے بھی درستگی نہیں ہو سکی۔ ان الفاظ کو اسی طرح درج کر دیا گیا ہے اور کہیں کہیں سوالیہ نشان بھی لگا دیئے ہیں۔ تاکہ اہل علم خود انکی اصلاح کی کوشش کریں۔ کسی اور مطبع کے مجموعہ رسائل اگر موجود ہوتے تو ان کیساتھ ملانے کی کوشش کیجاتی لیکن مل نہیں سکے۔ فتاویٰ شاہ رفیع الدینؒ مطبع مجتبائی میں سنہ ۱۳۲۲ھ میں طبع ہوا ہے اسکی کتابت تو کافی حد تک صاف ہے مگر اغلاط سے یہ بھی خالی نہیں۔ حتی للمقدور اصلاح کی کوشش کیگئی ہے لیکن بعض جگہ پھر بھی رہ گئی ہیں۔

تحشیہ بعض جگہ حضرت شاہ صاحبؒ کی عبارتوں میں اختصار کیوجہ سے کچھ شکوک و شبہات پیدا ہو سکتے تھے لہذا ان کی وضاحت کیلئے بعض باتیں حاشیہ میں تحریر کر دیگئی ہیں۔ مگر اپنی طرف سے بہت کم زیادہ تر حضرت شاہ ولی اللہ اور انہی کے خاندان کے علوم و کتب سے اور بعض دوسرے حضرات کی کتابوں سے اور بعض باتیں کسی مناسبت کی بناپر بھی حاشیہ میں لکھ دیگئی ہیں۔ ان رسائل میں بعض بزرگوں کا ذکر تھا انکی مفصل تاریخ نہیں بلکہ ان کا مختصر سا تعارف بھی حاشیہ میں لکھ دیا ہے ان باتوں کا مفید یا غیر مفید ہونا خود ناظرین کرام کے ذوق پر موقوف ہے اکثر حصہ اردو میں اور کسی مقام میں عربی اور فارسی عبارات بھی لکھ دی ہیں۔ ترجمہ کی ضرورت نہیں سمجھی گئی کیونکہ ان رسائل کی اشاعت عوام کیلئے نہیں بلکہ خواص کیلئے ہے

تخریج ان رسائل میں شاہ صاحبؒ نے جو آیات درج فرمائی ہیں ان کی نشاندہی سورۃ اور آیت سے کر دیگئی ہے اور جو احادیث آپ نے نقل کی ہیں۔ ان کی تخریج بھی حتی المقدور کی گئی ہے اور ان کا ماخذ مزید توثیق و اطمینان کیلئے لکھ دیا گیا ہے بعض روایات کا ماخذ قلت کتب، عدم فرصت اور اپنی کم مائیگی کیوجہ سے نہیں مل سکا اسکی صراحت کر دیگئی ہے، بندہ حقیر نے جو کچھ حاشیے میں لکھا ہے اسمیں خطا و غلطی کا بہت امکان ہے ناظرین کرام سے عرض ہے کہ قابل اصلاح باتوں سے آگاہ فرمائیں تاکہ انکی اصلاح ہو سکے اور باقی امور کے بارے میں صرف اتنا التماس ہے ؎

فقلت لهم لا تنسوا الفضل بینکم   فعین الکریم لا تری سوی الفضل

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و آلہ وصحبہ اجمعین۔

احقر عبدالحمید سواتی
خادم مدرسہ نصرت العلوم نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

اذانِ نماز

(۱) - وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ۔ ذَالِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ۔ (المائدة)

(۲) يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا إِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۔ (الجمعة)

(۳) - عن ابی سعید الخدری ؓ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لا یسمع مدی صوت المؤذن جن ولا انس ولا شیئ الا شہد لہٗ یوم القیامۃ ۔ (بخاری)

(سوالی)

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

بدانکہ صیغۂ اذان بایں ترتیب از امور توقیفیہ است کہ ۔

اولاً - بواسطہ تعلیم ملک در منام عبداللّٰہ بن زید بن عبد ربہٖ[1] قرار یافتہ ۔

وثانیاً - بموافقت منام امیر المؤمنین حضرت عمرؓ[2] مزید اعتبار و ثوق پذیرفتہ ۔

وثالثاً - بتقریر جناب نبوی (صلی اللّٰہ علیہ وسلم) کہ ملازمت برآن فرمودند، و گفتند - اِنّها لرُؤیا حقٌّ[3] مرتبہ وحی یافتہ ۔

ورابعاً - بافادہ چندیں اشارات قرآن مجید، حکم تنزیل گرفتہ ۔

وجناب سرور عالم صلی اللّٰہ علیہ وسلم در دعاء آخر ازاں بدعوۃ تامہ صفت فرمودہ اند ۔

پس لازم است کہ ایں ترتیب خالی از حکمت و نکتہ معتبر نباشد ۔

و وقتے ازیں فقیر سوال نمودہ شد کہ ترک اعادہ مضمون رسالت باوجود اعادہ مضمون توحید چہ نکتہ دارد ۔

بیانش آنکہ - اہم مہمات دینی توحید است ۔

وتوحید بدلالت کریمہ - اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۔ دو شعبہ دارد ۔

توحید در عبادت، و توحید در استعانت ۔

توحید در عبادت اگرچہ مقصد حقیقی است کہ، مَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ[4] ۔

ومضمون إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَا أُشْرِكَ بِهٖ[5] جابجا وارد است ۔

اما توحید استعانت نیز از جملہ مقاصد مہمہ است، ازانکہ شرط اوست ۔

[1] رواہ ابوداود ص۷۸ ج۱، وابن جارود فی المنتقی ص۸۲ وحاکم ج۳ ص۳۳۶ ۔ [2] ہو فی حدیث ابی داود المذکور ۔ [3] ہو ایضاً فی روایۃ المذکورۃ ۔ [4] الذاریات آیت ۵۶ ۔ [5] سورۃ الرعد آیت ۳۶

زیرانکه انسان مجبول است بر انقیاد و تذلل برائے کسیکه او را نفع و ضرر خود اعتقاد کند، بلکه در بعض اوقات دریں کار مجبور میشود۔

و باوجود شرط بودنش خود مبدٔ بسیارے از احوال سنیّہ است، مثل توکل و تسلیم و محبت منعم و خوف و رجا و صبر و غیر آن۔

و توحید موقوف است بر معرفت چہار صفت۔

یکے[۱] شمول بحوائج و مصالح محتاجین۔

و دوم[۲] کمال قدرت در افاضه آن بے مزاحمت موانع داخلی مانند بخل و خارجی مانند پامالی و مغلوبی۔

سیوم[۳] وفور رحمت چه صاحب اقتدار باوجود دانستن حاجت اگر ارادهٔ خیر نداشته باشد، حصول نفع و دفع ضرر از وے توقع نتواں داشت، و ہمچنیں شفیق دانا باحوال بے قدرت، غیر از غم خوردن فائدہ نمی رساند، و اگر خبر از احوال ندارد خود معذور است۔

و دخول وسائط در معامله ملوک و امراء برائے ہمیں است که

در[۱] یکے ازیں صفات قاصر میباشند۔

یا[۲] اینست که باحوال محتاج نمی رسند مگر بعرض کردن ملازمان حضور۔

یا[۳] اینست که دل ایشاں نمی جوشد مگر بسعی و سفارش مقربان و محبوبان بارگاه۔

یا[۴] اینست که کاروائی او نمیتوان کرد مگر بواسطهٔ پیشکاران، و در صورت خیانت و خلل اندازی ایشاں محتاج در میمانند، چوں دریں صفات کمال باشد بیخ شرک برکنده شود۔

اما توسط انبیاء، و ورثهٔ ارباب ہدایت، و شفاعت، و آباء، و اطباء در امر تربیت و مصالحت و امثال آن، پس بعد تسویه تعلق صفات ثلاثه نظر بر مراتب رحمت نموده باقتضائے حکمت انتظام ترتیب برائے اظہار تقدم و شرف بعضے بر بعضے، و التزام حق یکے بر دیگرے انجا مطالب بعضے را بمداخلت بسعی بعضے دیگر منوط میسازند بوضع که تابع و متبوع مورد حقیقی فیض آنجناب برابر باشند۔ کما ورد

إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ[۱]۔

---

[۱] سورة القصص آیت ۵۶

وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَىٰ[۱]

وَالَّذِي يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ[۲]

إِنَّمَا أَنْتَ الرَّفِيقُ وَاللَّهُ الطَّبِيبُ[۳]

و امثال ذالک، و ظاہر است که ایں معنی بوئے از شرک ندارد۔

چہارم[۴] ۔ شرف ذاتی زیراکه قبول نعمت از اہل حقارت بلکه از ہم چشمان عار عظیم است، بلکه یکے از بلیات است، و در صورت ناچاری زمانه سازی منظور میباشد، بتعظیم و تذلل دل نمی کشاید و سینه منشرح نمی شود۔

پس اول گفته شد۔ اللّٰہ اکبر (علماً) اللّٰہ اکبر (قدرةً) اللّٰہ اکبر (رحمةً) اللّٰہ اکبر (شرفاً)

بعد ازاں گفته شد۔ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ (متصرفاً فی الوجود) إِلَّا اللّٰهُ۔ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ (مستحقاً للمعبودیة) إِلَّا اللّٰهُ۔

و چوں معبود را بوصف علم، و قدرت، و رحمت دانست یقین میکند که ہرگاه خود رسائی مواجهه ندارد، معبود او را معطل نخواہد گذاشت بلکه بواسطه سفیرے تکمیل و تربیت خواہد فرمود، چو اعتراف بوجوب عبادت بر خود، ناچار شد تحسین رائے که بآن مرضی و نامرضی معبود را شناخته کوشش بلیغ در اطاعت او بجا آورد۔

و سفیر بر دو قسم است۔ سفیر برائے ابلاغ حکم، و سفیر برائے آوردن در حضور۔

پس گفت۔ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ (رسالة ابلاغ)

أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ (رسالة ایصال)

نائبان آنجناب در قسم اول علماء اند، و در قسم ثانی اولیاء، بعد ازاں لازم شد عمل بآنچه امتثال رسول و موجب قرب معبود است۔

پس گفت حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ (باجسامکم) حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ (بقلوبکم)

بعد ازاں ثمرهٔ ایں عبادت بیان کرد تا عامل بحسب آن غایت در عمل کوشش نماید۔

پس گفت حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ (فی الدنیا بعصمة النفس والمال للعوام و لذة المناجات والمشاہدة للخواص)

حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ (فی العقبیٰ بتیسیر کرب العرصات، والنجاة من الدرکات، والفوز بنعیم الجنات و رؤیة

---

[۱] سورة الانبیاء آیت ۲۸ ۔ [۲] سورة الشعراء آیت ۷۹، ۸۰

فاطر الارض والسماوات) ۔

وچوں طالب فیض نبوی را اندوخت، وبایں مراتب آشنا شد، ومستعد ترقیات گردیده بمعرفت کاملہ مشرف شد، ومعاملہ او بطور دیگر گشت، اول برائے طلب حاجت بود واکنوں برائے اخلاص محبت است ۔

پس گفت اَللّٰہُ اَکْبَرُ (علواً فی ذاتہ من حیث کونہ فی اعلیٰ طبقات الوجود واکملہا)

اَللّٰہُ اَکْبَرُ (فی احاطۃ ظہورہ من جہۃ سریان کمالاتہ فی المظاہر المعقولۃ والمشہودۃ باسرہا) ۔

وخلاصہ این معرفت نفی حُجب ومحو ظلمات کثرت از وجہ قدیم است از راہ انکشاف قیومیت ۔

پس گفت لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (اے لا تحقق فی مواطن الخارج بحسب الحقیقۃ، ولا ظاہر بجمیع الکمالات بالاصالۃ اِلَّا اللّٰہ (المحیط بجمیع المراتب وبجمیع الکمالات)

وچوں ایں معنی وسائط را برنمی تابد بذکر مضمون رسالت احتیاج نیفتاد، بخلاف توحید عبادت کہ انتظام سلسلہ اش بواسطہ رسالت است ۔

ولہذا لفظ اَشْھَدُ کہ حکایت از نفس متکلم، واظہار شہادت او بود، نیز متروک گشت ۔

وبایں ترکیب کلمات آذان وتر گردید، کہ اللّٰہُ وترٌ یحبُّ الوترَ، [1]

وفردیت بکلمہ توحید متحقق گشت برائے مطابقت لفظ ومعنی، وانقطاع کلام بر ذات شد، کہ ہو المبدأ والمنتہیٰ بخلاف کلمہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہ آخرش بظاہر اگرچہ اسم ذات است، اما بحسب معنی مجموعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم است، لاجرم باینجا معرفت منتہی شد ومعاملہ تمام گردید، پس ختم نمودہ شد ۔ واللہ اعلم ۔

تتمہ ۔ در تتمہ ایں کلام دیگر نکتہ مفیدست باید شنید، کہ وقتے فقیر بہ تکبیرات پس از نماز عید مشغول بود دریں اثنا معنی بخاطر وارد گشت،

تحریرش آنکہ حق تعالیٰ وسبحانہ را دو نوع کبریا ثابت است ۔

یکے حقیقی وآن بحسب ذات وصفات حقیقیہ است ۔

ودوم اضافی وآن بحسب استیلاء وتصرف است بر خلق، وخدمت وطاعت گرفتن از ایشان، دریں جا منظور قسم ثانی است فقط نہ قسم اول ۔

[1] ۔ رواہ الترمذی والنسائی وابو داؤد من حدیث علیؓ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ وتر یحب الوتر فاوتروا یا اہل القرآن (مشکوٰۃ باب الوتر)

واین قسم ثانی را چہار درجہ است ۔

یکے تسخیر وتقیید بندگان در حکم مخصوص مانند صوم، وافطار یا حج واحرام، تکبیر اول اشارہ بایں است ۔

درجہ دوم ۔ عام تر ازیں، وآں تسخیر وتعبید است باعتبار مشروع ساختن دین اسلام بعباداتہ، ومعاملاتہ، وآدابہ، واخلاقہ، وعلومہ، واعتقاداتہ ۔ تکبیر ثانی اشارہ بایں است ۔

وایں ہر دو شعبہ فیض تشریع است کہ تفصیل وشرح توحید فی العبادۃ است، وایں توحید اصل ومنشا ایست پس در عقب او گفتہ شد ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ۔

وسوئم ۔ تسخیر وتعبید نوع انسان است از روئے ایجاد وتربیت بار تفاقات معاشی ومعادی، تکبیر سوم اشارہ بدوست ۔

چہارم ۔ تسخیر وتعبید است تمام عالم را بتصرف تام در ذوات وصفات مجموعہ مکنونات، تکبیر چہارم اشارہ بآنست

وایں ہر دو شعبہ فیض تکوین است کہ مبدأ ومنشا آن اظہار صفات کمالیہ خود است، لہذا در عقب آن وللہ الحمد گفتہ شد ۔ واللّٰہُ اَعْلَمُ ۔

(در عشرہ اخیر ماہ محرم سنہ ۱۲۲۰ھ تالیف نمودہ شد)

فوائدِ نماز

بقیہ صفحہ نمبر : ۱۰۵

ومؤید این معنی ست آنچہ مولانا رفیع الدین دہلوی علیہ الرحمۃ در استفتائے بعد تحقیق حد دارالحرب میفرمایند (باقی ماند سخن در جواز جمعہ، تحقیقش آنست کہ در اصل جمعہ یکجا میباید ودر شہرہائے بسیار کلان دوجا تجویز کردہ اند، پس بنابریں دستور اذن حاکم لازم آمد زیرا کہ در تعیین مکان وامام اہلِ جاہ وعزت مناقشہ میکنند، وچون دستور را مسلمانانِ ازصدہا سال برہم زدند حاجتے بامام واذن اونیست، ومعہذا در فتاویٰ عالمگیری تعمیم امام نمودہ کہ اگر مسلمانانِ شہر یکے را در امور دینی مطاع ومتبوع سازند در اقامت جمعہ کفایت ست، واز روئے تواریخ دریافت می شود کہ اہل ماوراء النہر وعراق وعجم در وقت چنگیزی نماز جمعہ بعدازیں ترک نکردہ اند، بنابرین درجائیکہ شروط دیگر متحقق باشد از نقصان والی اہلِ اسلام جمعہ باطل نگردد" (انتہیٰ بقدر الحاجہ)

ازرسالہ تذکرۃ الجمعۃ صے از مولانا عبدالسلام ہنسوی فتح پوری (مطبوعہ نولکشور لکھنو ۱۸۹۸ء)

(۱) إِنَّنِیْ أَنَا اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدْنِیْ وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ (طٰہٰ)

(۲) وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ إِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ أَكْبَرُ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ۔ (العنکبوت)

